## حق پرست وفاقی وزیر نے سرکاری ملازمین کومکانات کی الاٹمنٹ کیلئے
## ون ونڈو آپریشن شروع کرنے کے احکامات جاری کردیے ہیں
## سرکاری ملازمین کومکانات الاٹ کرنے کیلئے کوشاں ہیں، اقبال محمد علی

کراچی۔۔۔یکم نومبر 2007ء۔۔۔حق پرست وفاقی وزیر مکانات وتعمیرات اقبال محمد علی خان نے سرکاری ملازمین کو مکانات کی الاٹمنٹ کے سلسلے میں حائل مشکلات ختم کرنے کیلئے ون ونڈو آپریشن شروع کرنے کے احکامات جاری کردیے ہیں۔ وفاقی وزیر کی جانب سے گزشتہ ایک ماہ کے دوران 500 ملازمین کو مکانات الاٹ کردیئے گئے ہیں جبکہ دو ہزار ملازمین کو مکانات الاٹ کرنے کی سفارش کی ہے۔ جمعرات کے روز وفاقی وزیر اقبال محمد علی خان نے مختلف شکایات پر اسٹیٹ آفس کا اچانک دورہ کیا اور وہاں موجود ملازمین کی شکایات سنی۔ اس موقع پر حق پرست وفاقی وزیر نے بیشتر شکایات پر فوراً احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حق پرست قیادت سرکاری ملازمین کو چھت مہیا کرنے کیلئے عملی کوششیں کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ آفس کے ملازمین پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض دیانتداری سے انجام دیں اور کرپشن سے خود کو دور رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ جن سرکاری ملازمین کے خلاف کرپشن کی شکایات موصول ہونگیں ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم کے وفد کی انٹرنیشنل ری پبلکن انسٹی ٹیوٹ کے وفد سے ملاقات
## آئندہ انتخابات، ملک میں جمہوریت کے فروغ اور خوش اسلوبی کے ساتھ اقتدار کی منتقلی کے
## حوالے سے بات چیت ہوئی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار کی صحافیوں سے گفتگو

کراچی۔۔۔یکم نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ عام انتخابات سے قبل تمام سیاسی پارٹیوں کو انتخابی لائحہ عمل طے کرنے کیلئے آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد ضروری ہے۔ الیکشن کمیشن ووٹر زلسٹوں کی فراہمی اور اس کی قیمتوں میں کمی پر نظر ثانی کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز مقامی ہوٹل میں انٹرنیشنل ری پبلکن انسٹی ٹیوٹ کے وفد سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر برائے صحت سید سردار احمد اور رکن صوبائی اسمبلی فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ اس سے قبل آئی آر آئی کے وفد نے برائن جوزف کی سربراہی میں متحدہ قومی موومنٹ کے تین رکنی وفد سے ڈیڑھ گھنٹے تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور آئندہ عام انتخابات حوالے سے بات چیت ہوئی۔ بعدازاں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آئی آر آئی کے وفد سے آئندہ انتخابات، ملک میں جمہوریت کے فروغ اور خوش اسلوبی کے ساتھ اقتدار کی منتقلی کے حوالے سے بات چیت ہوئی ہے۔ جبکہ وفد کو سندھ میں گزشتہ انتخابات کے نتائج کے حوالے سے کسی بھی اپوزیشن جماعت کی جانب سے کسی قسم کی دھاندلی کے الزام نہ لگنے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے الیکشن کمیشن کے ساتھ ہونے والی بات چیت جس میں انتخابات سے کم ازکم پانچ روز قبل پولنگ اسٹیشنوں سے عوام کی آگاہی، ووٹرلسٹوں کی باآسانی فراہمی اور اس کی قیمتوں میں کمی سے بھی وفد کا آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے وفد کو بتایا ہے کہ تمام بین الاقوامی مبصرین شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی انتخابات کی مانیٹرنگ کے حوالے سے کام کریں۔ نگراں حکومت کی تشکیل میں ایم کیوایم سے حکومتی مشاورت کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مشاورت کے تقاضوں کو پورا کرنے کی حد تک ہم سے مشاورت ضرور کی گئی ہے۔

## ضلع جیکب آباد کے حاجی حسین بروہی، محمد فیاھ بروہی اور یعقوب بروہی گوٹھ کے سربراہان کی
## درجنوں نوجوانوں اور بزرگوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

جیکب آباد۔۔۔یکم، نومبر 2007ء۔۔۔ضلع جیکب آباد کے حاجی حسین بروہی گوٹھ، محمد فیاھ بروہی گوٹھ اور یعقوب بروہی گوٹھ کے سربراہوں نے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بروہی برادری کے سو سے زائد نوجوانوں اور بزرگوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے تحت جیکب آباد میں واقع حاجی پنھل گوٹھ میں منعقدہ ایک اجتماع

میں کیا۔ اجتماع میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی شنکر لعل، ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ، رکن محمد یوسف اور ایم کیوایم جیکب آباد زونل کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے بروہی برادری کے سربراہان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا نہ صرف نعرہ لگایا بلکہ ملک بھر کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم میں کارکنان کی عزت کی جاتی ہے اورانہیں اہم معاملات میں کی جانے والی مشاورت میں شامل بھی کیا جاتا لیکن بدقسمتی سے نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں غریب کارکنان کو صرف نعرے لگانے، دریاں بچھانے اورقربانیاں دینے تک محدود رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کے تنظیمی، سیاسی اورفلاحی نظام کی مضبوطی کی وجہ یہی ہے کہ ایم کیوایم میں کارکنان کوعزت دی جاتی ہے اوران کی قربانیوں کوفراموش نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے اب بروہی برادری کے عوام بھی حق پرستی کے قافلے کا ساتھ ہیں اورحق پرستی کی جدوجہد اور پیغام کے حق کے فروغ میں اپنا بھرپور کردارادا کریں گے۔ ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے بروہی برادری کے سربراہان، نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں تیزی سے پھیل رہا ہے اورانشاءاللہ بہت جلد ملک سے ظلم وستم کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوگا۔

## یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ KPT کے جنرل سیکریٹری سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔ یکم، نومبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ KPT کے جنرل سیکریٹری جاوید ہاشمی کے والد سمیع احمد ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے بھی سمیع احمد ہاشمی کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا اورمرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

## ایم کیوایم کینیڈا کے زیراہتمام سانحہ 31 اکتوبر کے شہداء کی 21 ویں برسی منائی گئی

ٹورنٹو۔۔۔ یکم، نومبر 2007ء۔۔۔ ایم کیوایم اوورسیز کینیڈا یونٹ کے زیراہتمام کینیڈا کے مختلف شہروں میں سانحہ 31، اکتوبر کے شہداء کی 21 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی اورشہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجتماعات میں ایم کیوایم کینیڈا کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام نے شرکت کی۔ اس موقع پر سانحہ 31، اکتوبر 1986ء کے شہداء سمیت تمام حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کینیڈا کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم کے شہداء کی قربانیاں تحریک کا قیمتی اثاثہ ہیں اورایم کیوایم کے کارکنان اپنے شہید ساتھیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ اجتماعات میں حق پرست شہداء کے بلند درجات، ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکروفلسفہ کی کامیابی اورایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کی گئیں۔

☆☆☆☆☆